PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

1560 کرکٹرز انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ میں حصہ لیں گے

- 104 ٹیموں کے درمیان مجموعی طور پر 259 میچز کھیلے جائیں گے۔

لاہور 15 جولائی، 2023:

ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ سینئر کرکٹ ٹورنامنٹ 24-2023ء اتوار کے روز سے شروع ہوگا جس میں ایک سو ایک ڈسٹرکٹس اور زونز کی ایک سو چار ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔

اس ٹورنامنٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کے لیے یہ موقع ہوگا کہ وہ پی سی بی کے اہم ڈومیسٹک ایونٹس میں اپنے ریجنز کی نمائندگی کرسکیں جو اس سال ستمبر میں ہونگے۔

ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 259 میچز کھیلے جائیں گے۔ ایبٹ آباد، آزاد جموں و کشمیر، بہاولپور، ڈیرہ مراد جمالی، فاٹا، حیدرآباد، کراچی، لاڑکانہ، کوئٹہ اور سیالکوٹ ریجنز میں 16 جولائی سے میچز شروع ہوں گے، ملتان 19 جولائی سے میچز کی میزبانی کرے گا۔ 24 جولائی سے فیصل آباد، اسلام آباد، لاہور، پشاور اور راولپنڈی میں میچز کھیلے جائیں گے۔

ہر میچ تین روزہ ہوگا جس کی پہلی اننگز 75 اوورز پر مشتمل ہوگی۔

پہلی اننگز میں برتری کے ساتھ جیتنے والی ٹیم کو نو پوائنٹس، پہلی اننگز کی برتری کے بغیر جیتنے والی ٹیم کو چھ پوائنٹس اور ڈرا میچ میں پہلی اننگز میں برتری حاصل کرنے والی ٹیم کو تین پوائنٹس دیے جائیں گے۔

ٹورنامنٹ کے قواعد وضوابط کے مطابق ہر ٹیم کو اپنی حتمی ٹیم میں زیادہ سے زیادہ دو تبدیلیاں کرنے کی اجازت ہو گی لیکن یہ ہر دو میچ کے بعد ممکن ہو گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے مناسب مواقع مل سکیں اور زیادہ سے زیادہ کھلاڑیوں کو ریجنل اسکواڈز میں جگہ بنانے کے مواقع میسر آسکیں۔

کوئٹہ اور فاٹا ریجنز کے دس دس ڈسٹرکٹس ہیں لہذا ٹیموں کو دو گروپ میں برابر تقسیم کیا گیا ہے جس کا فائنل سات سے نو اگست تک کھیلا جائے گا۔ بقیہ چودہ ریجنز اپنے میچز سنگل لیگ کی بنیاد پر کھیلیں گے جس میں پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ٹیمیں فاتح قرار پائیں گی۔

سولہ ریجنز میں ایبٹ آباد (سات ڈسٹرکٹس) آزاد جموں کشمیر (پانچ ڈسٹرکٹس) بہاولپور (سات ڈسٹرکٹس) ڈیرہ مراد جمالی (پانچ ڈسٹرکٹس) فیصل آباد (چھ ڈسٹرکٹس) فاٹا (دس ڈسٹرکٹس) حیدرآباد (سات ڈسٹرکٹس) اسلام آباد (چار زونز اور ایک ڈسٹرکٹ) کراچی (سات زونز) لاہور (تین زونز چھ ٹیمیں) لاڑکانہ (چھ ڈسٹرکٹس) ملتان (سات ڈسٹرکٹس) پشاور (پانچ ڈسٹرکٹس) کوئٹہ (دس ڈسٹرکٹس) راولپنڈی (چار ڈسٹرکٹس) اور سیالکوٹ (سات ڈسٹرکٹس) شامل ہیں۔

ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والی ایک سو چار ٹیموں کا انتخاب سلیکشن کے ان اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے جس پر تمام ڈسٹرکٹس کے نمائندوں نے اتفاق کیا تھا۔ ریجنل، ڈسٹرکٹ سلیکشن کمیٹیوں میں ہیڈ کوچز۔ اسسٹنٹ کوچز اور ڈسٹرکٹ کے نمائندے شامل تھے جنھوں نے پہلا ڈرافٹ تیار کیا تھا جس کا جائزہ اور منظوری پی سی بی کے ریویو پینل نے دی جس میں سابق فرسٹ کلاس کرکٹرز جاوید حیات۔ کامران خان۔ ثناء اللہ بلوچ اور وقار اورکزئی شامل تھے۔

سلیکشن کرائٹریا میں مندرجہ ذیل نکات شامل تھے۔

1۔وہ کھلاڑی جنہوں نے پچھلے دو برسوں کے دوران پاکستان انڈر 19
کی نمائندگی کی ہو لیکن اب اوور ایج ہو گئے ہیں۔

2۔وہ کھلاڑی جنہوں نے گزشتہ سال انڈر 19 کھیلی لیکن اب اوور ایج ہو گئے ہیں۔

3۔گزشتہ سال کے ڈسٹرکٹ اور سی سی اے ایونٹس کے تین سب سے کامیاب بیٹرز اور دو سب سے کامیاب بولرز۔

4۔گزشتہ سال ڈویژنل مقابلے میں عمدہ پرفارمنس دینے والے کھلاڑی۔

5۔باصلاحیت کھلاڑی جو گزشتہ سال سیکنڈ الیون ایونٹ میں پرفارم نہ کر پائے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial